Government of Pakistan
Ministry of Water Resources
PAKISTAN COUNCIL OF RESEARCH IN WATER RESOURCES
Khyaban-e-Johar, Sector H-8/1, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 9101285; Exch: +92 51 9101282-3; Fax: +92 51 9101278 & 9101280
Website: www.pcrwr.gov.pk Email: pcrwr2005@yahoo.com

پریس ریلیز

اسلام آباد، 27 اکتوبر 2022:

پاکستان کا ہفتہ برائے آبی وسائل اکتوبر 24 تا 28 منعقد کیا جارہا ہے۔ اس سلسلے میں ایک قومی نمائش کا انعقاد کیا گیا۔ وفاقی وزیر برائے آبی وسائل سید خورشید شاہ نے پاکستان کونسل آف ریسرچ ان واٹر ریسورسز اور معاونین کے زیر اہتمام نمائش کا افتتاح کیا۔ یہ نمائش پانی سے متعلقہ ٹیکنالوجیز کے متعلق عوامی شعور کو بیدار کرنے اور مختلف کمپنیوں کو ان کی تیار کردہ مصنوعات کی تشہیر کیلئے منعقد کی گئی۔ اس موقع پر وفاقی وزیر سید خورشید نے نمائش پر موجود مختلف این جی اوز اور کمپنیوں کی طرف سے لگائے گئے سٹالز کا دورہ کیا اور بریفنگ لی۔ بعد ازاں افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سید خورشید شاہ نے پی سی آر ڈبلیو آر کی کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس طرح کی نمائش سے نہ صرف پانی کی اہمیت کے بارے میں عوامی شعور بیدار ہوتا ہے بلکہ پانی سے متعلقہ ٹیکنالوجیز کی ترویج کا موقع ملتا ہے انہوں نے سیلاب کی موجودہ صورت حال کے پس منظر میں کہا کہ "اَرلی فلڈ وارننگ سسٹم" کی ٹیکنالوجی میں جدت کی ضرورت ہے۔